
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

چوتھی جماعت کے لئے



# بات سے بات

(ماخوذ)





تصویریں: سید شمعون



ابتدائیہ

- کہانی بات سے بات چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ جس میں سادہ اور آسان زبان میں بچوں کو یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ کسی بھی بات کو بغیر تصدیق کئے دوسروں تک پہنچانے کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اصل بات کچھ ہوتی ہے اور بن کچھ اور جاتی ہے اور اسی طرح افواہیں بھی جنم لیتی ہیں۔ بعض اوقات بڑی لڑائی اور بڑے حادثے کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ اکثر بچے اور بڑے دونوں یہ غلطی کرتے ہیں کہ کوئی بھی بات بغیر جانے سمجھے ایک دوسرے کو بتانے چلے جاتے ہیں اور یوں چھوٹی سی بات بڑی بات بن جاتی ہے۔ کہانی کی پڑھائی ہر سیشن میں کر وائی جائے تاکہ سب بچوں کو پڑھنے کا موقع مل سکے

## سیشن 1

5 منٹ

- آج کہانی کا کیونکہ پہلا سیشن ہے اس لئے کہانی سے بچوں کا تعارف کر وائیں۔ کہانی آہستہ آہستہ آرام سے اور تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ کیونکہ ایسا کرنے سے کہانی کا تاثر زیادہ دیر تک بچوں پر رہتا ہے۔

10 منٹ

- اب کچھ بچوں سے باری باری پڑھائی کر وائیں۔

25 منٹ

- کہانی کی پڑھائی کے بعد کہانی کے حوالے سے بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

(۱) کہانی کیسی لگی؟

(۲) کہانی کس چیز کے بارے میں تھی؟

(۳) کسی بھی بات کو بغیر سمجھے دوسرے تک پہنچانے کے کیا نقصانات ہو سکتے ہیں؟

(۴) کیا ان کے ساتھ کبھی ایسا کوئی واقعہ پیش آیا ہے؟

- اس موقع پر یہ بات اچھی طرح جاننا ضروری ہے کہ کلاس کے ہر بچے کو بولنے یا بات چیت کرنے کا موقع ضرور دیا جائے۔ خاص طور پر ان بچوں کی ضرور حوصلہ افزائی کریں جو کلاس میں کم بات چیت کرتے ہیں تاکہ ان میں بھی خود اعتمادی آ سکے اور وہ اپنی رائے کا بھرپور اظہار کر سکیں۔
- ایک اچھی اور کامیاب ٹیچر کے لئے ضروری ہے کہ نظم وضبط قائم رکھتے ہوئے بچوں کو زیادہ سے زیادہ بات چیت کرنے کا موقع فراہم کریں تاکہ بچوں میں خود اعتمادی آئے اور ذہن میں پیدا ہونے والے

سوالوں کو پوچھنے کی عادت پڑے۔

- اس تمام بات چیت کے بعد کہانی کے لفظ 'اڑن طشتری' کے بارے میں بچوں کو سمجھائیں۔
(اڑن طشتری ایک فرضی خلائی سواری ہے جس کا ذکر اکثر خلائی کہانیوں میں ہوتا ہے)۔
- اگر کسی بچے نے اڑن طشتری (flying saucer) کے بارے میں کبھی کچھ سنا ہے تو کلاس میں کھڑے ہو کر اس بارے میں بتائے۔

گھر کا کام 5 منٹ

- کہانی اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- آج کلاس میں آنے کے بعد بچوں سے کہیں کہ ہم آج ایک دلچسپ کھیل کھیلیں گے۔ لیکن اس سے پہلے ضروری ہے کہ ہم کہانی کی پڑھائی کی مشق کرلیں۔ پھر کلاس کے چند بچوں سے حاضری کے رجسٹر کے مطابق پڑھائی کر وائیں۔

30 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ وہ ''کھیل کانا باتی'' (chinese whisper) کے بارے میں جانتے ہیں؟ بچے یقیناً اس کھیل کا نام اور اس کا طریقہ کار جانتے ہوں گے اور اگر وہ نہیں جانتے تو انہیں بتائیں پھر ٹیچر بچوں کو قطار بنا کر باہر کھیل کے میدان میں لے جائیں اور انہیں دائرے میں بٹھا دیں اور پھر کوئی ایک جملہ جو ٹیچر پہلے سے لکھ کر لائی ہیں کسی ایک بچے کے کان میں ہلکے سے کہیں۔ کہتے وقت آواز بہت ہلکی ہونا چاہئے۔ بچوں کو دوبارہ پوچھنے کی اجازت بھی نہیں ہوتی ہے۔ اگر بات صحیح طرح سمجھ میں نہیں آئی ہے تو کوئی بات نہیں۔ جو کچھ بھی سمجھ میں آیا ہے وہی ساتھ والے بچے کو ہلکے سے بتا دیں۔ دائرے میں بیٹھا ہر بچہ وہی جملہ باری باری دوسرے کے کان میں کہے۔ اس کے بعد جب آخری بچہ اپنا جملہ سنائے تو ٹیچر اپنے لکھے ہوئے جملے اور اس جملے کے درمیان کے فرق کو بچوں کو بتائیں اور اس موقع پر انہیں یہ بات اچھی طرح سمجھائیں کہ کس طرح کہا ہوا ایک جملہ تبدیل ہو کر مختلف شکل اختیار کرتا ہے۔

گھر کا کام 5 منٹ

- امی کو کہانی پڑھ کر سنائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی زندگی کا کوئی ایسا مزیدار قصہ سنائیں جب ان

کی کہی ہوئی بات نے کچھ اور رنگ اختیار کر لیا ہو۔ اگر کلاس میں انتظام نہ ہو سکے تو بچوں سے گوند مارکر۔ استعمال شدہ گتے۔ کاغذ اور کپڑے کے ٹکڑے گھر سے منگوائیں۔ ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں۔ بچے کاپی میں اتاریں۔

## سیشن 3

5 منٹ
- کلاس میں جانے کے بعد ٹیچر گزشتہ روز دیئے جانے والے گھر کے کام کے حوالے سے بات چیت کریں۔

40 منٹ
- اب تک بچے کہانی کے مفہوم سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہوں گے اور لفظ 'افواہ' کے معنی بھی اچھی طرح جان گئے ہوں گے انہیں بتائیں 'افواہ' پھیلانا بری بات ہے۔ اور آج اس حوالے سے ہم banners بنانے کا کام کریں گے۔ جس پر ہم ایسے جملے لکھیں گے جو افواہ پھیلانے کے خلاف ہوں گے۔ پہلے ٹیچر بچوں کی مدد سے اس طرح کے جملوں کی فہرست بورڈ پر ترتیب دیں۔ پھر بچے منتخب جملے اپنے banners پر لکھیں۔ اساتذہ کی سہولت کے لئے یہاں چند جملے لکھے جا رہے ہیں۔

  (۱) جو سنیئے وہ کہیئے۔ (۳) افواہوں کی وجہ سے میرے شہر کا کیا ہوگیا ہے حال۔

  (۲) افواہ مت پھیلائیں۔ (۴) بات کا بتنگڑ بنانا بری بات ہے۔
- اس مشق کے بعد ہر بچہ اپنے banner یا پلے کارڈ پر ایک جملہ لکھے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو یہ کام دو دو بچوں کے گروپس بنا کر بھی کر وا سکتی ہیں تا کہ اگر ایک بچہ اردو لکھائی میں اچھا ہو تو دوسرا کاٹنے اور چپکانے کا کام اچھی طرح جانتا ہو۔ بچے ان banners پر خوبصورتی سے لکھائی کریں۔ ٹیچر اس سلسلے میں ان کی رہنمائی کریں۔ اگر یہ کام ایک پیریڈ میں مکمل نہ ہو تو دوسرے دن مکمل کر وائیں۔
- جب banners اچھی طرح تیار ہو جائیں تو انہیں اسکول میں کسی ایسی جگہ لگا دیں جہاں سب انہیں دیکھ سکیں اور بچوں کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ ہر بچہ اپنے banner پر اپنا نام اور کلاس ضرور لکھے۔

## سیشن 4

20 منٹ
- آج بچوں سے پوچھیں کہ خبریں ہم تک کس طرح پہنچتی ہیں ؟ اگر بچے نہ بتا سکیں تو انہیں بتائیں کہ ریڈیو، ٹیلی ویژن اور اخبارات کے ذریعے خبریں ہم تک پہنچتی ہیں۔ بعض اوقات یہی اخبارات کسی ایک خبر کو توڑ مروڑ کر اس طرح پیش کرتے ہیں کہ اصل بات بڑے غلط انداز میں لوگوں تک پہنچتی ہے۔ مثلاً کسی اخبار میں کوئی خبر چند سطروں یا لائنوں میں لکھی ہوتی ہے جبکہ کسی دوسرے اخبار میں وہی خبر شہہ سرخی (headline) میں لکھی جاتی ہے۔ جس سے شہر میں افواہیں پھیلتی ہیں۔ ٹیچر اپنے ساتھ نمونے کے طور پر چند اردو اخبارات لے کر کلاس میں جائیں اور اپنے نقطہ نظر کی وضاحت کریں۔
- اس کے بعد درج ذیل مشق کی یا تو ورک شیٹ بنا لیں یا بورڈ پر لکھ کر کاپی میں کروائیں۔

25 منٹ
- الفاظ سازی میں ایک لفظ لکھیں۔ پھر آخری حرف سے دوسرا لفظ اور اس طرح سلسلہ جاری رکھیں۔ الفاظ چہار حرفی اور پنج حرفی سے کم نہ ہوں۔

مشکل = (ناراض) = (ضعیف) = (فوارہ) = ( ) = ( ) = ( )

گھر کا کام
- املا کی تیاری کر کے آئیں۔ کل املا لیا جائے گا۔

## سیشن 5

20 منٹ
- پہلے بچوں کا کم از کم 20 الفاظ کا املا لیں۔ بچے آپس میں کاپیاں تبدیل کر کے چیک کریں۔ بعد میں ٹیچر کاپیاں چیک کریں۔

25 منٹ
- آج بچوں سے کہانی کے مطابق role play کروائیں اور کوشش کریں کہ کلاس کے ہر بچے کو اداکاری کرنے کا موقع ملے۔ role play کرواتے ہوئے ٹیچر اپنی مرضی سے skit میں تبدیلی کر سکتی ہیں یا کہانی کا بنیادی موضوع سامنے رکھتے ہوئے بچوں کو موقع دیا جائے کہ وہ اپنی مرضی سے skit لکھیں۔ اس کے بعد کلاس میں خوب مشق کروانے کے بعد یہ skit اسکول اسمبلی میں بھی کروایا جا سکتا ہے۔

# بات سے بات

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories